PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

Session 18th
Notice No.________
Received Dated 26/04/2021
Admitted Dated 18/05/2021
Department **Energy and Power**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 1739

منجانب: ملک بادشاہ صالح ،رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ توانائی و برقیات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ گزشتہ حکومت نے یورپی یونین کے تعاون سے 350 ہائیڈل پاور سٹیشن منظور کیے تھے جس پر کام بھی شروع ہوا تھا مذکورہ منظور شدہ پاوٗر سٹیشن میں سے اُن کے حلقہ پی کے 10 اپر دیر میں بھی کئی ہائیڈل پاور سٹیشن منظور ہوئے تھے لیکن ایک دو کے علاوہ باقی سب پر کام ابھی تک جوں کے توں نامکمل پڑا ہے۔ اسمبلی فلور پر کئی بار اس مسئلے پر بحث بھی ہو چکے ہیں اور متعلقہ وزیر نے 30 دسمبر 2020 کو کام مکمل کرنے کی آخری یقین دہانی بھی کرائی تھی دوسری بات یہ ہے کہ مختلف NGO's کو اسکے ٹھیکے بھی دیئے گئے ہیں اور وہ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ پاوٗر سٹیشن اُنہوں نے محکمہ سے خرید لیے ہیں اس بہانے پر NGO's عوام سے پیسے وصول کرتے ہیں ہمارے ساتھ وعدہ کیا گیا تھا کہ قوم کمیٹوں کے ذریعے سے اس کو چلائینگے کمیٹیاں بھی بنائی گئی ہیں لیکن ابھی تک اس پر عمل درآمد نہیں ہوا جو کہ عوام کے ساتھ سراسر ظلم ہے لہذا حکومت اس بارے میں ذمہ داروں کے خلاف قانونی کارروائی کر کے اُن کو سزا دی جائے اور ساتھ ہی NGO;s والوں کو بھی اس گھناؤنے حرکات سے منع کریں تاکہ ادھورے کام مکمل ہو سکیں۔